صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی کے زیر اہتمام

اپنی نوعیت کا چوتھا منفرد اور عظیم الشان

تعلیمی انعامی مقابلہ

سنہ ۲۰۲۶ء / ۱۴۴۸ھ

شہر ممبئی، تھانہ، پال گھر اور اضلاع کوکن کے جامعات و مدارس کے طلبہ اور فاضل ائمہ وخطباءِ مساجد کے لئے ایک سنہری موقع

بتاریخ: ۱۴-۱۵/نومبر ۲۰۲۶ء بروز سنیچر واتوار مطابق ۳-۴/جمادی الآخرۃ ۱۴۴۸ھ

بمقام: جامع مسجد اہل حدیث کاپڑیا نگر، کرلا (ویسٹ) ممبئی۔

رجسٹریشن کا آغاز:

یکم ستمبر ۲۰۲۶ء

رجسٹریشن کی آخری تاریخ:

۳۰/ستمبر ۲۰۲۶ء

اغراض ومقاصد

کتاب وسنت کی حفاظت کا دارومدار جن اہم بنیادوں پر قائم ہے ان میں سب سے اہم بنیاد کتاب اللہ وسنت رسول کو یاد کرنا، اس میں غور فکر کرنا، اسے سمجھنا اور اس پر عمل کرنا ہے، کتاب وسنت میں کئی مقامات پر کتاب وسنت کو حفظ کرنے اور اس سے دائمی تعلق بنا کر رکھنے کی ترغیب آئی ہے، صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی اس سلسلے میں سالوں سے بڑی جدوجہد اور انتھک کوشش کر رہی ہے، صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی کا مقصد ہمیشہ اپنے حفاظ کرام، ائمہ مساجد اور دعاۃ الی اللہ کیلئے ایسے علمی مناسبات اور موقعے فراہم کرنا ہوتا ہے جو ان کی علمی، عملی اور اعتقادی ومنہجی ترقی کا سبب بن سکے، اور ایسی فضا اور معاشرہ قائم کیا جا سکے جہاں کتاب اللہ، سنت رسول اور عقیدہ ومنہجِ سلف کا بول بالا ہو، اسی کوشش کی ایک کڑی مدارس کے طلبہ اور مساجد کے ائمہ ودعاۃ کے مابین کتاب وسنت اور عقیدہ واصول کی کتابوں کو یاد کرنے کیلئے مسابقہ کا انعقاد ہے، صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی گذشتہ کئی سالوں سے یہ سالانہ مسابقہ منعقد کرتی آرہی ہے، اس کے پیچھے مزید درج ذیل اغراض ومقاصد کارفرما ہیں:

1. طلبہ علم، ائمہ مساجد، علمائے کرام اور حفاظ کرام کا رشتہ قرآن وسنت سے مضبوط بنانا، اور اس رشتے کو مضبوط بنانے کا سب سے اہم ذریعہ کتاب وسنت کو یاد کرنا اور اس پر عمل کرنا ہے۔
2. صحابہ کرام، سلف صالحین اور ائمہ عظام کا منہج کتاب وسنت کو یاد کرنا تھا، اسی منہج سلف کا احیاء کرنا بھی ایک مقصد ہے۔

3 دینی کاموں کے تئیں طالبان علوم نبوت، ائمہ مساجد اور دعاۃ الی اللہ میں مسابقہ کے ذریعہ ایسی روح بیدار کرنا جو کتاب وسنت کی حفاظت کا ذریعہ اور دوسروں کیلئے شوق وترغیب کا سبب بن سکے۔

4 طلبہ کی ایک ایسی جماعت تیار کرنا جو ہمیشہ ''نَضَّرَ اللهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا فَحَفِظَهُ حَتَّى يُبَلِّغَهُ'' کا مصداق بنتی رہے، اور اس امانت کی ادائیگی کے تئیں ہمہ دم بیدار مغزی کا ثبوت دیتی رہے۔

5 کتاب وسنت کی نشر واشاعت، اہل علم کی صلاحیتوں میں اضافہ اور عوام الناس کے لئے استفادہ کی راہ ہموار کرنا۔

6 ایسے علمی ''متون'' کا انتخاب کرنا جو اعتقادی، اصولی اور علمی طور پر طلبہ علم اور ائمہ مساجد کو مضبوط کرے۔

تعلیمی مقابلے کے زمرے اور مقررہ نصاب

شمار	زمرہ	مقررہ نصاب
1	زمرہ اول	حفظ قرآن کریم (کامل) مع سوالات متعلقہ بہ احکام تجوید وقراءت۔
2	زمرہ دوم	حفظ قرآن کریم (بیس پارہ) مع سوالات متعلقہ بہ احکام تجوید وقراءت۔
3	زمرہ سوم	حفظ قرآن کریم (دس پارہ) مع سوالات متعلقہ بہ احکام تجوید وقراءت۔

4	زمرہ چہارم (برائے طلبۂ علوم شریعت)	حفظ (۳۸۰) احادیث از کتاب "اللؤلؤ والمرجان فیما اتفق علیھا الشیخان" ترتیب از محمد فؤاد عبد الباقی رحمہ اللہ۔ (کتاب الایمان، کتاب الأقضیۃ، کتاب اللباس والزینۃ، کتاب العلم، کتاب الذکر والدعاء، کتاب التوبۃ، کتاب صفات المنافقین، کتاب صفۃ القیامۃ، کتاب الجنۃ وصفۃ نعیمھا، کتاب الفتن وأشراط الساعۃ، کتاب الزہد والرقائق، کتاب التفسیر)
5	زمرہ پنجم برائے ائمہ وخطباء مساجد (فارغین جامعات)	① حفظ "متون طالب العلم"، جمع وترتیب: ڈاکٹر عبد المحسن القاسم، امام وخطیب مسجد نبوی۔ [مستوی ثالث سے (العقیدۃ الواسطیۃ) اور مستوی رابع سے (العقیدۃ الطحاویۃ) کا حفظ مطلوب ہے]۔ ② رسالہ: أعلام السنۃ المنشورۃ، از علامہ حافظ حکمی رحمہ اللہ
6	زمرہ ششم برائے ائمۂ مساجد (حفاظ کرام)	شرح عقیدہ واسطیہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ، از ڈاکٹر سعید بن وہف القحطانی رحمہ اللہ (مترجم اردو، مطبوعہ صوبائی جمعیت)۔

نوٹ:

تمام کتابوں کی PDF کاپی ویب سائٹ پر نشر کی جائے گی اور اسی سے امتحان ہوگا۔

تعلیمی مقابلے کے زمرے اور انعامات

نمبر	زمرہ جات	اول	دوم	سوم	سات ممتاز طلبہ	ٹوٹل رقم
1	حفظ قرآن کریم کامل	40/ہزار	30/ہزار	20/ہزار	ایک فرد 5/ہزار (35,000)	1,25,000/-
2	حفظ قرآن کریم بیس پارے	20/ہزار	15/ہزار	10/ہزار	ایک فرد 4/ہزار (28,000)	73,000/-
3	حفظ قرآن کریم دس پارے	15/ہزار	12/ہزار	9/ہزار	ایک فرد 3/ہزار (21,000)	57,000/-
4	حفظ: (380) احادیث از کتاب "اللؤلؤ والمرجان"	40/ہزار	30/ہزار	20/ہزار	ایک فرد 5/ہزار (35,000)	1,25,000/-
5	برائے ائمہ وخطباء (فارغین جامعات) حفظ مقررہ متون اور رسالہ "أعلام السنة المنشورة" از حافظ حکمی	40/ہزار	30/ہزار	20/ہزار	ایک فرد 5/ہزار (35,000)	1,25,000/-

6	برائے ائمۂ کرام (حفاظ) مختصر شرح اردو عقیدۂ واسطیہ علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ، از ڈاکٹر سعید قحطانی	15/ہزار	12/ہزار	9/ہزار	ایک فرد 3/ہزار (21,000)	57,000/-
7	اس کے علاوہ ایک بڑا بجٹ ان انعامات پر بھی صرف ہوتا ہے جو تمام شرکاء مقابلہ کو دیا جاتا ہے۔					

تعلیمی مقابلہ کے شرائط وضوابط

1. ایک طالب علم کسی ایک ہی زمرے میں شریک مقابلہ ہوسکتا ہے۔
2. تعلیمی مقابلہ کے تمام زمروں میں شرکت کے لئے کسی بھی ادارہ سے مجموعی طور پر صرف دس طلبہ ہی لیے جائیں گے۔
3. حفظ قرآن کے کسی بھی زمرے میں ایک ادارے سے زیادہ سے زیادہ دو ہی طلبہ شرکت کرسکتے ہیں۔
4. صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی کے سابقہ انعامی مقابلوں کے (زمرہ: حفظ قرآن تیس پارے) میں اول، دوم، سوم اور سات امتیازی انعام یافتگان کو حفظ قرآن کے کسی بھی زمرہ میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔ البتہ سابقہ انعامی مقابلوں میں دس پارے میں شریک طالب علم امسال بیس پارے اور تیس پارے کے مسابقہ میں شریک ہوسکتا ہے اسی طرح

سابقہ انعامی مقابلوں میں بیس پارے میں شریک طالب علم امسال تیس پارے کے مسابقہ میں شریک ہوسکتا ہے۔

5 پہلے چاروں زمروں میں شریک مقابلہ کا کسی تعلیمی ادارہ میں باقاعدہ زیر تعلیم ہونا ضروری ہے۔

6 پانچویں زمرے میں امیدوار کا کسی مسجد میں باقاعدہ امام وخطیب ہونا ضروری ہے۔

7 چھٹے زمرے میں امیدوار کا کسی مسجد میں باقاعدہ امام ہونا ضروری ہے۔

8 پہلے چاروں زمروں میں شریک مقابلہ کو اپنے ادارہ کے صدر/ ناظم/ پرنسپل کی جانب سے نامزدگی کا خط (اصل لیٹر ہیڈ پر مع مہر و دستخط) آدھار کارڈ کے ساتھ صوبائی جمعیت کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کرنا ضروری ہے۔

9 پانچویں اور چھٹے زمرے میں شریک مقابلہ کو اپنی مسجد کے صدر/سکریٹری کی جانب سے تصدیق اور نامزدگی کا خط (اصل لیٹر ہیڈ پر مع مہر و دستخط) آدھار کارڈ اور تعلیمی لیاقت کی سند کے ساتھ صوبائی جمعیت کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کرنا ضروری ہے۔

10 تمام شرکاء مقابلہ کو رجسٹریشن کی مقررہ تاریخ (**۳۰ ستمبر ۲۰۲۶ء بروز سنیچر**) تک رجسٹریشن کی کاروائی بذریعہ ویب سائٹ مکمل کرنا ضروری ہے بصورت دیگر مقابلہ کمیٹی امیدوار کو شریک مقابلہ کرنے سے معذور ہوگی۔

11 کسی بھی شریک مقابلہ کو اول، دوم، سوم انعام حاصل کرنے کے لئے کم ازکم امتیازی نمبر (85%) حاصل کرنا ضروری ہے بصورت دیگر قابلہ کمیٹی انعام دینے سے معذور ہوگی۔

12 امتحان مقابلہ میں امیدوار کا صبح ۸:۳۰ بجے سے پہلے حاضر رہنا ضروری ہے تاخیر کی صورت میں امیدوار شریک امتحان نہ ہوسکے گا۔

13 تشجیعی انعام پانے کے لئے کم از کم (70%) نمبر حاصل کرنا ضروری ہے، بصورت دیگر مقابلہ کمیٹی تشجیعی انعام دینے سے معذور رہوگی۔

14 تمام کامیاب شرکاء مقابلہ کو مقابلہ کمیٹی کی جانب سے توصیفی سند سے نوازا جائے گا۔

15 انعامی مقابلہ میں حکم صاحبان اور مقابلہ کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

16 کسی بھی زمرے میں شرکاء کی تعداد ۱۵/ سے کم ہونے کی صورت میں مقابلہ کمیٹی اس زمرے کا مقابلہ منعقد کرنے سے معذور رہوگی۔

17 حفظ قرآن کے تینوں زمروں کا انعامی مقابلہ ”حفص عن عاصم“ کی قراءت کے مطابق ہوگا۔

18 پانچویں زمرے کے شرکاء اردو اور عربی (دونوں زبانوں) میں جواب دینے اور لکھنے کے مجاز ہوں گے۔ البتہ متون کا امتحان من وعن لیا جائے گا۔

نوٹ:

1 شرکاء مقابلہ کے متعلقہ مطلوبہ دستاویزات میں کمی یا عدم اطمینان کی صورت میں ان کے لئے ضابطے کی کاروائی نہیں ہوگی۔

2 مقابلہ کمیٹی حسب ضرورت مقابلہ کے شرائط وضوابط میں تبدیلی کی مجاز ہے۔

3 رجسٹریشن کی لنک ویب سائٹ: ahlehadeesmumbai.com پر یکم ستمبر ۲۰۲۶ء سے دستیاب ہوگی۔ (إن شاء اللہ)

جاری کردہ: انعامی مقابلہ کمیٹی
صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی